لافتیٰ الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ ؍ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۵ ؍ فروری سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت طبع فرمانات بمطبع سرکاری۔	۱ و ۲
۲	عطائے لقب۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص۔	۲
۳	اضافہ ناظر بندوبست۔	〃
۴	رخصت انسپکٹر آبکاری۔	〃
۵	رخصت مدد سررشتہ دیوانی	〃
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۵ ؍ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

حسب ارشاد عالی صاحب ممدوح سکرٹری بہادر منظور کیا جاتا ہے کہ آیندہ جملہ چھپائی کا کام جو باغراض سرکاری ہوا کرے وہ سب مطبع سرکاری میں چھپوایا جائے۔ بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض ملاحظہ جناب عالی میرسانَد

سرکاری مطبع مین اُردو اور انگریزی دونون کا کام چھپ سکتا ہے۔ مگر محکمہ جات سرکاری سے کفایت کو مدنظر رکھتے ہوے سرکاری مطبع مین کاغذات نہین چھپوائے جاتے بلکہ بیرون ریاست کے مطابع سے طبع کرائے جاتے ہین ریاست کے کاغذات ریاست کے مطبع مین چھپنے سے اُجرت کا روپیہ خزانہ سرکاری مین جاتا ہے۔ دیگر مطابع سے طبع ہونیکی صورت مین مطبع سرکاری کا نقصان ہے۔ مطبع سرکاری مین شرح طبع وغیرہ مقرر ہے باہر کے مطابع مین گو شرح مقرر ہو لیکن کام ملنے کی غرض سے اجرت طبع مین کمی بیشی حسب ضرورت کرلیتے ہین۔ اور مطبع سرکاری یہ صورت اختیار نہین کرسکتا۔ اب اس امر کی ضرورت ہے کہ اگر مطبع سرکاری سے مصارف طبع بہ نسبت دیگر مطابع اضلاع غیر کے زیادہ ہون تب بھی سرکاری کاغذات مطبع سرکاری مین ہی پابندی کے ساتھ ہر صیغہ سے طبع کرائے جائین۔ کیونکہ رقم خزانہ عامرہ کی ایک جگہ کے نام سے نکلکر مطبع کے نام سے خزانہ مین جمع ہو جاتی ہے۔ چند مرتبہ اس بارہ مین اجلاس ہمایون سے حکم بھی صادر ہو چکا ہے لیکن پابندی نہین کیجاتی۔ لہذا عرضداشت ہذا اجلاس ہمایون مین پیش کیجاتی ہے اور گزارش ہے کہ جملہ محکمہ جات ریاست کے فرمائشات کا مطبع سرکاری مین ہی باوجود بیشی مصارف مطبع سرکاری مین طبع کرائے جانیکی بابت حکم صادر فرمایا جائے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۳۰ر جنوری ۱۹۲۳ء

رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض ملاحظہ جناب عالی میرسانَد

بجائے لقب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص کے لقب صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص کنٹرولر آف ہاوس ہولڈ ہونا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ لہذا امیدوار ہوں کہ لقب مذکور منظور فرمایا جائے۔ دولت جاوید باد۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۸ر جنوری ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست۔ منشی عبدالرشید قائم مقام ناظر بندوبست بصلہ حسن انجام خدمات باضافہ پانچروپیہ ماہوار پچیس روپیہ ماہوار پر ناظر بندوبست کئے گئے۔

رخصت

۳۰ر جنوری ۱۹۲۳ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری۔ بابو جنگ بہادر انسپکٹر آبکاری کی رخصت دس یوم ۳ر فروری سے ۱۲ر فروری تک منظور کی گئی ایام رخصت مین کام کا انتظام صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کرینگے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ر جنوری ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ دیوانصاحب صدر۔ رخصت یکماہہ منشی دیبی پرشاد اہلمد سررشتہ دیوانصدر کی بغرض جانے دہلی بذمہ داری منشی محمد علی معاون منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایت ۲۴ فروری ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷٫۱ ار					۷٫۱۰ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۸٫۱۰ ار					۹ ار	
نخود کستہ آمیز	۹٫۱۰ ار					۱۰ ار	
کستہ	۱۰ ار					۱۰٫۱۰ ار	
ماش	۸ ار					۸ ار	
مونگ	۹ ار					۸ ار	
مکئی	۹ ار					۹ ار	
جئی	۰					۱۱ ار	
گوجئی	۰					۹ ار	
عدس	۱۱ ار					۶ ار	
ارہر	۰					۰	
برنج	۶٫۱۰ ار					۵ ار	
روغن زرد	۶ چھٹانک					۳٫۱۱ ار	
روغن سیاہ	۱٫۱ ار					۲ ار	
روغن کنجد	۱ ار					۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲٫۱ ار					۱۱ ار	
نمک لاہوری	۶ ار					۷ ار	
قند سیاہ	۵٫۱ ار					۵ ار	
باجرہ	۸٫۱ ار					۹ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور